© rasailojaraid.com



بہت کثرت سے ہیں، ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں (۱) حضرت عمر بن خطاب (۲) حضرت علی بن ابی طالب (۳) حضرت عبداللہ بن مسعود (۴) ام المومنین حضرت عائشہ (۵) حضرت زید بن ثابت (۶) حضرت عبداللہ بن عباس (۷) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم، ان حضرات کے فتاوے اس کثرت سے ہیں کہ اگر ان کو جمع کیا جائے تو ہر صحابی کے مسائل و فتاوے کی کئی ضخیم جلدوں میں تیار ہو جائیں، ابوبکر محمد بن موسیٰ نے صرف حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے فتاوے بیس جلدوں میں جمع کیے تھے۔

اور تیرہ حضرات "متوسطین" میں ہیں (۱) حضرت ابوبکر صدیق (۲) ام المومنین حضرت ام سلمہ، (۳) حضرت انس بن مالک (۴) حضرت ابوسعید خدری (۵) حضرت ابوہریرہ، (۶) حضرت عثمان بن عفان، (۷) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص، (۸) حضرت عبداللہ بن زبیر، (۹) حضرت ابوموسیٰ اشعری، (۱۰) حضرت سعد بن ابی وقاص (۱۱) حضرت سلمان فارسی، (۱۲) حضرت جابر بن عبداللہ، (۱۳) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم، ان حضرات کے فتاوے اگر جمع کیے جائیں تو ان کی چھوٹی چھوٹی جلدیں بن سکتی ہیں، ان ہی میں یہ حضرات بھی شامل کیے جا سکتے ہیں (۱) حضرت طلحہ (۲) حضرت زبیر، (۳) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، (۴) حضرت عمران بن حصین، (۵) حضرت ابوبکرہ (۶) حضرت عبادہ بن صامت، (۷) حضرت معاویہ بن ابی سفیان، ان حضرات کے فتاوے بھی جمع کیے جائیں تو مختصر مجموعے تیار ہو سکتے ہیں، ان کے علاوہ باقی حضرات اصحاب فتوی "مقلّین" ہیں یعنی ان میں سے ہر ایک سے چند فتاوے منقول ہیں۔ جن کو تلاش و تحقیق کے بعد مختصر مجموعہ کی صورت میں مدوّن کیا جا سکتا ہے،

**فقہائے تابعین و تبع تابعین** اس کے بعد امام ابن قیمؒ نے اعلام الموقعین میں تفصیل سے بتایا ہے کہ عہد صحابہ کے بعد عہد تابعین میں کس شہر میں کون کون حضرات اصحاب فتویٰ تھے۔ ہم اس کا خلاصہ درج کرتے ہیں۔

**مدینہ منورہ میں** یہ فقہائے سلسلہ دینی مسائل میں مرجع تھے اور ان کے فتاوے مستند



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معتبر مانے جاتے تھے، (۱) سعید بن مسیب (۲) عروہ بن زبیر (۳) قاسم بن محمد (۴) خارجہ بن زید (۵) ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث، (۶) سلیمان بن یسار (۷) عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہم، نیز ان کے معاصرین میں یہ حضرات فتویٰ میں مشہور تھے، ابان بن عثمان بن عفان، سالم، نافع، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف، علی بن حسین زین العابدین، ان حضرات کے بعد مدینہ منورہ میں اصحاب فتویٰ یہ حضرات تھے، ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم، محمد بن ابوبکر بن محمد، عبداللہ بن عمر بن عثمان، محمد بن عبداللہ بن عمر بن عثمان، عبداللہ بن محمد بن حنفیہ، حسین بن محمد بن حنفیہ، جعفر بن محمد بن علی، عبدالرحمٰن بن قاسم بن محمد بن ابوبکر، محمد بن منکدر، محمد بن شہاب زہری، محمد بن نوح نے امام زہری کے فتاوے فقہی ترتیب وابواب پر تین ضخیم اسفار میں جمع کیے تھے، ان حضرات کے معاصرین میں مدینہ منورہ میں اور بھی اصحاب فتویٰ تھے،

مکہ مکرمہ میں | اہل فقہ وفتویٰ میں یہ حضرات معتبر و مستند تھے، عطاء بن ابی رباح، مجاہد بن جبر، عبید بن عمیر، عمرو بن دینار، عبداللہ بن ابی ملیکہ، عبدالرحمٰن بن سابط، عکرمہ مولیٰ ابن عباس رحمہم اللہ، ان کے بعد ابوالزبیر مکی، عبداللہ بن خالد بن اسید، عبداللہ بن طاؤس، ان کے بعد عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج، سفیان بن عیینہ، ان کے بعد مسلم بن خالد زنجی، سعید بن سالم القداح رحمہم اللہ مکہ مکرمہ میں فقہ وفتویٰ میں مرجع تھے، ان کے بعد امام محمد بن ادریس شافعی، اور عبداللہ بن زبیر حمیری وغیرہ تھے،

بصرہ میں | یہاں کے اصحاب فقہ وفتویٰ میں یہ حضرات مشہور تھے، عمرو بن سلمہ جرمی، ابومریم حنفی، کعب بن اسود، حسن بصری، ابوالشعثاء جابر بن زید، محمد بن سیرین، ابوقلابہ عبداللہ بن زید جرمی، مسلم بن یسار، ابوالعالیہ، حمید بن عبدالرحمٰن، مطرف بن عبداللہ الشخیر، زرارہ بن ابی اوفیٰ، ابوبردہ بن ابی موسیٰ اشعری، ان میں امام حسن بصری نے پانچ سو صحابہ رضی اللہ عنہ سے فیض پایا تھا، بعض علماء نے ان کے فتاوے سات ضخیم اسفار میں جمع کیے تھے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کے بعد بصرہ میں ایوب بن کیسان سختیانی، سلیمان تیمی، عبداللہ بن عوف، یونس بن عبید، قاسم بن ربیعہ، خالد بن ابی عمران، اشعث بن عبدالملک حمرانی، قتادہ، حفص بن سلیمان، قاضی ایاس بن معاویہ اہل فقہ و فتویٰ تھے، ان کے بعد ان کے تلامذہ اور منتسبین کا سلسلہ قائم رہا،

کوفہ میں اصحاب فتویٰ اور مفتیین میں یہاں کے یہ حضرات مستند و مرجع تھے، علقمہ بن قیس نخعی، اسود بن یزید نخعی، عمرو بن شرحبیل ہمدانی، مسروق بن اجدع ہمدانی، عابیدہ سلمانی، قاضی شریح بن حارث، سلیمان بن ربیعہ باہلی، زید بن صوحان، سوید بن غفلہ، حارث بن قیس جعفی، عبدالرحمٰن بن یزید نخعی، عبداللہ بن عتبہ بن مسعود، خیثمہ بن عبدالرحمٰن، سلمہ بن حبیب، مالک بن عامر، عبداللہ بن سنجرہ، زر بن حبیش، خلاس بن عمرو، عمرو بن میمون اودی، ہمام بن حارث، حارث بن سوید، یزید بن معاویہ نخعی، ربیع بن خثیم، عتبہ بن فرقد، صلہ بن زفر، شریک بن حنبل، ابو وائل شقیق بن سلمہ، عبید بن نضلہ،

کوفہ کے یہ وہ مجتہدین و مفتیین ہیں جن کا شمار اکابر تابعین میں ہوتا ہے اور جو حضرت علیؓ اور حضرت ابن مسعودؓ کے خاص شاگردوں میں ہیں، لوگ ان سے استفتاء کرتے تھے اور وہ اکابر صحابہ کی موجودگی میں فتویٰ دیا کرتے تھے، اور صحابہ ان کو اجازت دیتے تھے، ان میں سے اکثر حضرات نے حضرت عمرؓ، حضرت عائشہؓ اور حضرت علیؓ سے علم حاصل کیا تھا۔ عمرو بن میمون اودی حضرت معاذ بن جبلؓ سے خصوصی تلمذ رکھتے تھے، حضرت معاذ بن جبل نے وفات کے وقت ان کو وصیت کی تھی کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی صحبت میں رہ کر ان سے علم دین حاصل کریں، چنانچہ عمرو بن میمون اودی نے اس پر عمل کیا،

فقہائے کوفہ کی اس فہرست میں یہ حضرات بھی قابل شمار ہیں ابو عبیدہ بن عبداللہ بن مسعود، عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (انھوں نے ایک سو بیس صحابہ سے علم حاصل کیا تھا) میسرہ، زاذان، اور ضحاک،



© rasailojaraid.com

اس طبقہ کے بعد ابراہیم نخعی، عامر شعبی، سعید بن جبیر، قاسم بن عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن مسعود، ابو بکر بن ابی موسیٰ، محارب بن دثار، حکم بن عتیبہ، جبلہ بن سحیم تلمیذ ابن عمر اہل فقہ و فتویٰ تھے، ان کے بعد حماد بن ابی سلیمان، سلیمان بن معتمر، سلیمان الاعمش، مسعر بن کدام کا درجہ ہے، پھر مذکورہ بالا حضرات کے سلسلۂ تلمذ میں محمد بن عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ، عبد اللہ ابن شبرمہ، سعید بن اشوع، قاضی شریک، قاسم بن معن، سفیان ثوری، امام ابو حنیفہ، حسن بن صالح ہیں، ان کے بعد کے فقہاء میں حفص بن غیاث، وکیع بن جراح اور امام ابو حنیفہ کے تلامذہ میں قاضی ابو یوسف، محمد بن حسن، زفر بن ہذیل، حماد بن ابی حنیفہ، حسن بن زیاد لؤلؤی، قاضی عافیہ، اسد بن عمرو، قاضی نوح بن دارج، اور امام سفیان ثوری کے تلامذہ میں اشجعی، معافی بن عمران، یحییٰ بن آدم وغیرہ ہیں،

شام میں | ملک شام کے تابعین میں یہ حضرات اصحاب فقہ و فتویٰ تھے اور دینی مسائل و حوادث میں ان کے فتاوے معتبر مانے جاتے تھے، ابو ادریس خولانی، شرجیل بن سمط، عبد اللہ بن ابی زکریا خزاعی، قبیصہ بن ذویب خزاعی، حیان بن امیہ، سلیمان بن حبیب محاربی، حارث بن عمیرہ زبیدی، خالد بن معدان، عبد الرحمٰن بن غنم اشعری، جبیر بن نفیر،

ان کے بعد عبد الرحمٰن بن جبیر بن نفیر، مکحول، عمر بن عبد العزیز، رجاء بن حیوہ، حدیر بن کریب تھے اور اسی طبقہ مفتیین میں خلیفہ ہونے سے پہلے عبد الملک بن مروان کا بھی شمار تھا۔

اس کے بعد قاضی یحییٰ ابن حمزہ، ابو عمر، عبد الرحمٰن بن اوزاعی، اسمٰعیل بن ابی مہاجر، سلیمان بن موسیٰ اموی، سعید بن عبد العزیز شام کے اہل فتویٰ تھے، پھر مخلد بن حسین، ولید بن مسلم، عباس بن یزید تلمیذ امام اوزاعی، شعیب ابن اسحاق تلمیذ امام ابو حنیفہ اور ابو اسحاق فزاری تلمیذ امام عبد اللہ بن مبارک رحمہم اللہ تھے؛

مصر میں | اہل مصر مسائل و حوادث میں ان بزرگوں کے فتاوے پر عمل کرتے تھے، یزید بن ابی حبیب، بکیر بن عبد اللہ بن اشج، عمرو بن حارث جن کے بارے میں ابن وہب کا قول ہے کہ اگر



[redacted]

© rasailojaraid.com



عمر بن حارث ہمارے درمیان زیادہ دنوں تک زندہ رہتے تو ہم امام مالک وغیرہ کے محتاج نہ ہوتے)۔ لیث بن سعد، عبیداللہ بن ابی جعفر، اس طبقہ کے بعد امام مالک کے تلامذہ میں عبداللہ بن وھب، عثمان بن کنانہ، ابن قاسم اور امام شافعی کے تلامذہ میں مزنی، بویطی، ابن عبدالحکم مصر کے اصحاب فقہ و فتویٰ ہوئے!

اسی طرح اس دور میں یمن، قیروان، اندلس اور بغداد وغیرہ میں حضرات مجتہدین و مفتیین کی جماعت مسلمانوں کے دینی مسائل و حوادث میں مرجع تھی، تفصیل امام ابن قیم کی کتاب اعلام الموقعین میں موجود ہے،

**اصحاب الحدیث اور اصحاب الفقہ** خلافتِ راشدہ کے بعد علمائے دین کے لیے "قرّاء" کے بجائے دو نئے لقب پیدا ہوئے، صورت یہ ہوئی کہ بہت سے صحابہ احادیث کی کتابت اور سند و متن پر خاص توجہ رکھتے تھے، اور یہ صحابہ اور ان کے اصحاب و تلامیذ احادیث کے الفاظ و معانی کی طرف زیادہ راغب ہوئے، ان کو اہل الحدیث کے خطاب سے یاد کیا جانے لگا۔ ان علماء کا مرکز حجاز کے دو شہر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ تھے۔ اور بہت سے صحابہ قرآن کے مقابلہ میں احادیث کی کتابت مناسب نہیں سمجھتے تھے، بلکہ ان کو زبانی یاد کر کے الفاظ سے قطع نظر ان کے معانی و مفاہیم پر زیادہ توجہ دیتے تھے، ان حضرات کے شاگردوں نے ان کا اتباع کیا، چونکہ یہ لوگ حدیث کے ظاہری الفاظ سے زیادہ اس کے منشاء و مفہوم کا لحاظ کیا کرتے تھے اور نئے مسائل میں دوسرے شرعی دلائل سے بھی مدد لیتے تھے، اس لیے ان کو اہل الرائے یا اہل الفقہ کہا گیا، ان کا مرکز عراق کا شہر کوفہ تھا، اور یہ ہم نے جن بلاد و امصار کے اصحاب فقہ و فتویٰ کا ذکر کیا ہے، ان میں اصحاب حدیث بھی بڑی تعداد میں اپنے اصول کے مطابق دینی مسائل و حوادث میں فتویٰ صادر کرتے تھے، اس وقت اس کی تفصیل ہمارے موضوع سے خارج ہے، ان ہی فقہاء و محدثین کے تلامذہ نے آگے چل کر دنیا میں کتاب و سنت اور فقہ و فتویٰ کو عام کیا،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**فقہ کی تدوین** | حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے دور خلافت (۹۹ھ تا ۱۰۱ھ) میں ان کی عنایت و توجہ سے احادیث و آثار کے جمع و تدوین کا با قاعدہ اہتمام ہوا، اور صحابہ کرام کے احادیث کے صحیفوں اور کراسوں کی جگہ کتابوں کا رواج ہوا، اس طرح اموی دور میں تدوین و تالیف کا سلسلہ جاری ہوا۔ اور عباسی دور کی ابتداء سے مختلف علوم کی طرف زیادہ توجہ ہوئی، عام لوگوں میں علمی رجحان بڑھا، عربی زبان میں نئے نئے علوم و فنون منتقل ہونے لگے، اس وقت پورے عالم اسلام میں علمائے تابعین اور ان کے شاگرد پھیلے ہوئے تھے، اور ہر طرف دینی علوم کا چرچا تھا، اس لیے دینی علوم کو بھی آگے بڑھنے کا خوب موقع ملا، اور احادیث و آثار فقہی ترتیب پر کتابی شکل میں مدوّن ہوئے، چنانچہ دوسری صدی کے نصف (۱۴۰ھ تا ۱۵۰ھ) میں مختلف ممالک میں وہاں کے ائمہ علم نے کتابیں لکھیں جن کی تفصیل یہ ہے (۱) مدینہ منورہ امام مالک (۲) مکہ مکرمہ میں ابن جریج (۳) بصرہ میں ربیع بن صبیح (۴) کوفہ میں سفیان ثوری (۵) شام میں اوزاعی (۶) واسط میں ہشیم (۷) یمن میں معمر (۸) رے میں جریر بن عبدالحمید (۹) خراسان میں عبداللہ بن مبارک یہ تمام ائمہ دین ایک وقت میں موجود تھے، اور انھوں نے اپنی کتابیں ۱۴۰ھ کے بعد لکھیں اس لیے یہ معلوم نہیں ہے کہ کس عالم نے تدوین و تالیف کی ابتداء کی، جیسا کہ ہدیۃ الساری مقدمہ فتح الباری میں ہے۔

یہ تو اس زمانہ میں اصحاب حدیث کی فقہی ترتیب پر دینی خدمات تھیں، اسی زمانہ میں اہل فقہ کے مرکز کوفہ میں فقہ و فتویٰ کی باقاعدہ تدوین شروع ہوئی، امام ابوحنیفہ رح اور ان کے تلامذہ امام محمد، امام ابو یوسف، امام زفر وغیرہ نے مل کر اس کو مدون کر کے دنیا میں پہلی بار فقہ اسلامی کو مستقل فن کی حیثیت سے پیش کیا، ان حضرات نے قرآن و حدیث جو اس کا ماخذ ہے فقہی مسائل و قواعد فنی حیثیت سے مدوّن کر کے تقریباً [illegible] کو ایک جگہ منضبط کیا، اسی لیے امام شافعی فرماتے ہیں کہ لوگ فقہ میں ابو حنیفہ کے عیال [illegible]



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



منتخب ہیں" اور قاضی صیمری نے "اخبار ابی حنیفہ واصحابہ" میں امام شافعی کا قول اس طرح نقل کیا ہے "تمام لوگ فقہ میں اہل عراق کے عیال ہیں، اور تمام اہل عراق اہل کوفہ کے عیال ہیں اور تمام اہل کوفہ ابوحنیفہ کے عیال ہیں" نیز فقہی فروعات اور مسائل کی طرح اصول فقہ کی تدوین سب سے پہلے امام ابوحنیفہ اور ان کے تلامذہ نے کی ہے۔

الغرض دوسری صدی کے وسط میں فقہاء و محدثین بالفاظ دیگر اہل الحدیث اور اہل الرائے نے اپنے اپنے اصول وقواعد کی روشنی میں مسائل کے استنباط و تدوین کی خدمت انجام دی، اس کے بعد دونوں گروہ کے تلامذہ اور متبعین نے اپنے پیش روؤں کے نقش قدم پر چل کر حدیث وفقہ کو مدوّن کیا، یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ محدثین کرام اجتہاد اور قیاس کے مخالف و منکر نہ تھے، البتہ وہ احادیث پر زیادہ توجہ دیتے تھے، اور حتی الوسع حدیث کے ظاہری معنی و مفہوم پر عمل کی کوشش کرتے تھے، اسی طرح فقہائے عظام احادیث و آثار کے مخالف و منکر نہ تھے، بلکہ وہ بھی قرآن و حدیث سے مسائل کا استنباط کرتے تھے البتہ تمام اصول و فروع کا لحاظ کر کے احتیاطی راہ اختیار کرتے تھے اور قرآن و حدیث کے منشاء و مفہوم پر زیادہ زور دیتے تھے۔

**فقہ کے چار مکاتب** گذشتہ بیان سے معلوم ہو چکا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں دینی احکام کا دارومدار وحی الٰہی اور آپ کے قول و عمل پر تھا، نیز اس عہد میں چند صحابہ اہل فتویٰ تھے، اس کے بعد صحابہ اور تابعین کے دور میں علوم شرعیہ کے حاملین حجاز، شام، مصر، عراق اور دیگر مرکزی مقامات میں بٹ گئے، اور ان حضرات کے اصولِ روایت و درایت ایک دوسرے سے کچھ نہ کچھ مختلف تھے، ان میں علمائے حجاز حدیث کے متون و اسناد میں مشہور و معتبر تھے، ان کے سلسلۂ تلمذ میں بڑے بڑے ائمہ حدیث پیدا ہوئے، ان کے سرخیل حضرت امام مالک بن انسؒ (متوفی ۱۷۹ھ) ہیں۔ موصوف نے مدینہ منورہ میں سب سے پہلے اپنی کتاب موطا کو فقہی ترتیب اور ابواب پر اس طرح



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرتب کیا کہ یہ کتاب گویا اس طبقہ کی ترجمان بن گئی، اس کے مقابلہ میں علمائے عراق احادیث کی روایت میں بڑی خدمت سے کام لیتے تھے بلکہ غایت احتیاط و تحرّی کی وجہ سے فتویٰ میں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بجائے خود اپنی طرف نسبت کرتے تھے۔ تاکہ روایت میں زیادہ سے زیادہ احتیاط ہو سکے، اور کوئی ایسی بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب نہ ہو جسے آپ نے نہیں فرمایا ہے یا نہیں کیا ہے، اس جماعت کے سرخیل حضرت امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (متوفی ۱۵۰ھ) ہیں جنھوں نے اپنے تلامذہ کو لے کر فقہ اور اصول فقہ کو باقاعدہ مرتب کیا۔

ان دونوں اماموں کے بعد علمائے حجاز کے طبقہ میں حضرت امام محمد بن ادریس شافعیؒ متوفی (۲۰۴ھ) ہیں۔ جنھوں نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ائمہ حدیث سے علوم حاصل کیے، اسی کے ساتھ امام ابوحنیفہ کے تلامذہ سے تحصیل علم کی، خصوصیت کے ساتھ امام محمد بن حسن شیبانی سے بہت زیادہ پڑھا، چونکہ امام شافعی نے علوم دینیہ کے دونوں مرکزوں یعنی حجاز اور عراق سے کسب علم کیا تھا اور دونوں مکاتب حدیث و فقہ کے اصول اور فکر و نظر سے واقف تھے، اس لیے اہل حجاز اور اہل عراق کے طرز تفقہ میں ایک درمیانی راہ پیدا کی، اور ایسی فقہ ترتیب دی، جس میں حدیث اور رائے کا توازن برقرار رکھا، اس درمیانی راہ میں امام شافعی نے اکثر مسائل میں اہل حجاز کے سرخیل اور اپنے استاد امام مالک سے اختلاف کیا اور اپنا جداگانہ مسلک قائم کیا، امام شافعی کے بعد بغداد میں امام احمد بن حنبل شیبانیؒ (متوفی ۲۴۱ھ) نے اہل حجاز کے علمی سلسلہ کے ساتھ وابستگی رکھ کر اپنے مسلک اور فقہ کو رائج کیا، جس کی بنیاد زیادہ تر حدیث کے ظاہری الفاظ و معانی پر رکھی، مگر اس میں اتنا غلو نہ تھا جتنا کہ امام داؤد ظاہری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا تھا، امام احمد بن حنبل کے فقہی فتاوے اگر جمع کیے جائیں تو تیس ضخیم جلدوں تک پہنچ سکتے ہیں، ان کے تلمیذ رشید خلال نے الجامع الکبیر میں ان کے فتاوے اور نصوص جمع کیے ہیں، جو بیس بلکہ اس سے زائد اسفار پر مشتمل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں جیساکہ امام ابن قیم نے اعلام الموقعین میں تصریح کی ہے ؛

ان مذاہب اربعہ سے پہلے صحابہ کرام کے فتاوے اور اقوال مرجع تھے، پھر تابعین اور تبع تابعین نے اپنے اپنے شہروں میں اپنے یہاں کے اہل فتویٰ صحابہ کی پیروی کی بعد میں ہر شہر کے باشندوں نے مقامی مفتی و فقیہ کا اتباع کیا، نیز ایک مقام کے فتاوے دوسرے شہروں اور ملکوں میں پہنچے، اس طرح ان چاروں فقہ سے پہلے عالم اسلام میں دوسرے تین فقہاء کی فقہیں رائج تھیں اور عوام ان پر عمل کرتے تھے، چنانچہ امام سفیان ثوری (متوفی ۱۶۱ھ) امام حسن بصری (متوفی ۱۱۰ھ) اور امام اوزاعی (متوفی ۱۵۷ھ) کے فقہی مذاہب پر عمل تھا، مگر یہ تینوں مسلک تیسری صدی کے آخر تک معمول بہ رہ کر ختم ہو گئے، اسی طرح امام ابو ثور (متوفی ۲۴۰ھ) کا مسلک تیسری صدی تک رائج رہنے کے بعد ختم ہو گیا، البتہ امام داؤد ظاہری (متوفی ۲۷۰ھ) کا ظاہری مسلک زیادہ مدت تک چلا، علامہ ابن خلدون نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ یہ مذہب آٹھویں صدی تک دنیا میں جاری رہا، ظاہری مسلک کے ائمہ و علماء حدیث کا مطلب اس کے ظاہری الفاظ کے مطابق بیان کرتے تھے، اور اس میں کسی قسم کے اجتہاد اور قیاس کو دخیل نہیں مانتے تھے۔

بہرحال یہ تمام فقہیں اپنے اپنے وقت میں ختم ہو گئیں اور اہل سنت والجماعت کے دینی مسائل ائمہ اربعہ کے چاروں مذاہب میں منحصر ہو گئے اور چونکہ ایک مسئلہ میں ایک ہی مسلک کی پیروی کی جا سکتی ہے اس لیے علمائے اہل سنت نے طے کر لیا کہ عام مسلمانوں کو ان چاروں فقہوں میں سے کسی ایک فقہ کو مان لینا چاہیے تاکہ فروعی مسائل اور وقتی حوادث میں ذاتی مصالح کا اتباع نہ ہو سکے، اہل سنت والجماعت کے ان چار مذاہب کے علاوہ مسلمانوں میں بعض اور فقہیں بھی رائج ہیں جیسے فقہ جعفری، فقہ اباضی اور فقہ زیدی، ان کا تعلق شیعہ، خوارج اور زیود سے ہے اس لیے ان کا ذکر ہمارے موضوع سے باہر ہے ؛ خوب سمجھ لینا چاہیے کہ ان فقہاء اور ان فقہوں کے ماننے اور ان پر عمل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ فروعی مسائل اور وقتی حوادث

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں ہم ان کی تفریعات و تصریحات کو تسلیم کرتے ہیں، ورنہ ہم کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ہی کو اصل ایمان قرار دیتے ہیں، اور ان ہی کی روشنی میں صحابۂ کرام، تابعین عظام اور علمائے اسلام کا اتباع کر کے فروعات میں ان کے آراء پر عمل کرتے ہیں۔

**ائمۂ اربعہ کے فقہی اصول** جیسا کہ معلوم ہوا ابتداء میں بہت سے بزرگوں نے اپنے طور پر فقہ کو مرتب کیا اور اس پر عمل بھی رہا مگر رفتہ رفتہ اکثر فقہیں ختم ہو گئیں، صرف چار فقہیں باقی رہ گئیں اور ان میں جو باہمی اختلاف پائے جاتے ہیں وہ بالکل قدرتی ہیں، فقہ کے چاروں مکاتب نے مسائل کے استخراج اور تفریع میں اپنے اپنے اصول کو پیش نظر رکھا، جس سے ان کی فہم و تحقیق میں کچھ اختلاف رہا، اسی لیے چاروں مذاہب میں تھوڑا تھوڑا فرق ہو گیا۔

امام ابو حنیفہ کے استنباط و استخراج کے اصول خود آپ کی زبانی یوں منقول ہیں کہ میں شرعی احکام کے استنباط میں پہلے کتاب اللہ میں غور کرتا ہوں، جب اس میں کوئی حکم نہیں پاتا تو سنت رسول اللہ اور ان آثار میں غور کرتا ہوں جو ثقہ راویوں سے ملتے ہیں۔ اگر سنت رسول اللہ میں بھی کامیابی نہیں ہوتی تو حضرات صحابہ میں سے جس صحابی کا قول چاہتا ہوں لے لیتا ہوں اور جس صحابی کا قول چاہتا ہوں چھوڑ دیتا ہوں، جب تک قرآن میں کوئی حکم ملتا ہے حدیث کی طرف نہیں آتا، اور جب تک حدیث میں کوئی حکم ملتا ہے صحابہ کے قول کی طرف نہیں آتا، اور جب تک صحابہ کے اقوال میں کوئی حکم ملتا ہے آگے نہیں بڑھتا، لیکن جب معاملہ ابراہیم نخعی، عامر شعبی، حسن بصری، ابن سیرین اور سعید بن مسیب وغیرہ تک پہنچتا ہے تو پھر میں بھی ان ہی کی طرح اجتہاد سے کام لیتا ہوں۔

امام مالک اپنے فقہی اصول کی رو سے پہلے کتاب اللہ کو لیتے ہیں، پھر سنت رسول اللہ میں سے جو حدیث ان کے نزدیک صحیح و ثابت ہوتی ہے اسے لیتے ہیں، اس سلسلہ میں اہل حجاز کے محدثین کیا رپر زیادہ اعتماد کرتے ہیں، نیز اہل مدینہ کے تعامل کو بڑی اہمیت دیتے ہیں خصوصاً وہاں کے اہل علم کے تعامل کو، حتی کہ بعض اوقات حدیث کو اس لیے چھوڑ دیتے ہیں کہ اس پر اہل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدیث کا عمل نہیں ہے۔

امام شافعی قرآن کے ظواہر کو اس وقت تک حجت مانتے ہیں جب تک یہ دلیل نہ مل جائے کہ یہاں پر ظاہری معنی مراد نہیں ہے، پھر سنت رسول اللہ سے استدلال کرتے ہیں اور اس میں بڑی فراخی سے کام لیتے ہیں حتی کہ خبر واحد کے راوی اگرچہ ثقہ وضابطہ نہ ہوں لیکن اگر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ جاتی ہے تو اسے قابل عمل سمجھتے ہیں، امام شافعی کے نزدیک امام مالک کی طرح حدیث کی تائید کے لیے تعامل ضروری نہیں ہے، اور نہ ہی اہل عراق کی طرح وہ خبر واحد کے مشہور ہونے کی شرط لگاتے ہیں، اس کے بعد اجماع پر عمل کرتے ہیں، مگر اجماع بایں معنی کہ اس کے خلاف کا علم بالکل نہ ہو، کیونکہ ان کے نزدیک کلی اجماع کا علم غیر ممکن ہے، اس کے بعد قیاس پر عمل کرتے ہیں مگر اس شرط کے ساتھ کہ اس کی تائید کتاب وسنت سے ہوتی ہو،

امام احمد بن حنبل کتاب اللہ کے بعد سنت رسول اللہ کو حجت مانتے ہیں، اس سلسلہ میں خبر واحد کی سند صحیح ہونے کی شرط پر اس پر عمل کرتے ہیں، اقوال صحابہ کو قیاس پر مقدم مانتے ہیں، جب تک کسی مسئلہ میں کسی صحابی کا کوئی قول ملتا ہے اس میں قیاس سے کام نہیں لیتے،

امام ابوحنیفہ کے بعض مسائل خلاف قیاس ہوتے ہیں، ایسے مسائل کی تخریج کا نام فقہاء احناف کے نزدیک "استحسان" ہے، امام مالک بھی بعض مسائل کو مرسلہ کے طور پر مستنبط کرتے ہیں، اس طریقہ استنباط واستدلال کا نام "استصلاح" ہے، امام شافعی استحسان اور استصلاح کی شدت سے مخالفت کرتے ہیں، لیکن ان ہی طریقوں کے مشابہ طریقہ پر بعض اوقات عمل کرتے ہیں، جس کا نام "استدلال" ہے،

فتنوں کا سد باب | فقہ اسلامی کی تدریجی تدوین واشاعت کے بارے میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے حجۃ اللہ البالغہ میں اختصار کے ساتھ نہایت جامع تبصرہ کیا ہے، ہم یہاں اس کا خلاصہ پیش کرتے ہیں، چوتھی صدی سے پہلے عام مسلمان کسی خاص مذہب کی تقلید پر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مجتمع نہیں تھے، بلکہ جیسا کہ شیخ ابو طالب مکی نے قوت القلوب میں لکھا ہے یہ فقہی کتابیں اور فتووں کے مجموعے بعد کی پیداوار ہیں، کسی خاص شخص کے آراء و مقالات کا قائل ہونا، کسی خاص مسلک پر فتویٰ دینا، اس کے قول کے مطابق تفقہ پہلی اور دوسری صدی میں نہیں تھا، اس زمانہ میں عام مسلمان اس طریقہ کے پابند نہیں تھے، میں کہتا ہوں کہ دو صدیوں کے بعد لوگوں میں کچھ کچھ اس کے اثرات ظاہر ہوئے، اس کے باوجود چوتھی صدی تک جیسا کہ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے لوگ کسی خاص مذہب کی تقلید نہیں کرتے تھے، بلکہ علماء اور عوام کا حال یہ تھا کہ اجماعی مسائل شرعیہ میں صرف صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے تھے، اس بارے میں عام مسلمان اور جمہور مجتہدین میں کوئی اختلاف نہیں تھا، البتہ وضو، غسل، نماز اور زکوٰۃ وغیرہ کے طریقوں کو اپنے آباء و اجداد سے یا اپنے شہر کے معلمین سے سیکھتے تھے، اور فروعات میں ان کے طریقوں کو اختیار کرتے تھے، اور جب نئے مسائل و حوادث پیش آتے تو بلا تعیین حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی وغیرہ جس مفتی و فقیہ کو پا جاتے مسئلہ دریافت کر لیتے، یہ تو عام مسلمانوں کا حال تھا، خواص کا حال یہ تھا کہ ان میں سے محدثین صرف احادیث رسول اللہ اور آثار صحابہ کو لیتے تھے، تعارض یا کسی وجہ سے احادیث و آثار پر عمل نہ کر سکتے تھے تو بعض متقدمین فقہاء کے کلام کو لیتے، اگر کسی مسئلہ میں دو اقوال ہوتے تو ان میں سے قوی تر قول کو لے لیتے، یہ خیال نہ کرتے کہ یہ فقیہ اہل مدینہ سے ہے یا اہل کوفہ سے ہے، اور خواص میں جو لوگ اہل تخریج تھے وہ جس مسئلہ میں تصریح نہ پاتے خود ہی تخریج اور اجتہاد کر لیتے تھے، یہ حضرات اپنے شیوخ و اساتذہ کی طرف منسوب ہوتے تھے، ان میں سے کسی کو شافعی اور کسی کو حنفی کہا جاتا تھا، اسی طرح محدثین بھی اگر کسی متقدم امام کی موافقت کرتے تھے تو اس کی طرف منسوب ہوتے تھے، جیسے نسائی اور بیہقی امام شافعیؒ کی طرف منسوب ہوتے ہیں، اس زمانہ میں مجتہد حضرات فقیہ مانے جاتے تھے اور وہی قضاء اور افتاء کے منصب پر رکھے جاتے تھے، بعد میں دوسرے لوگ پیدا ہوئے جو ہ ... (?) دور ہونے لگے اور دین کی روح سے دوری کی وجہ سے طرح طرح کی خرابیاں پیدا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اہل سنت میں مسلمانوں نے خاص خاص مسلک کی تقلید کرلی، اور مزید فتنوں میں مبتلا ہونے کے مقابلہ میں کسی ایک مذہب کو پکڑ لینا بہتر جانا؛

**مذاہب اربعہ کی اشاعت** | گذشتہ بیان سے فقہ اسلامی کی مختصر تاریخ گذر چکی، جس سے اس کا منظر اور پس منظر سامنے آگیا۔ اب ہم چاروں فقہوں کی ترویج و اشاعت کا حال اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ پورے عالم اسلام میں ان کی مقبولیت و اشاعت کن حالات میں ہوئی اور کس ملک میں کون فقہی مسلک کب اور کس طرح پھیلا، اور موجودہ دور میں ان کے ماننے والے کہاں کہاں پائے جاتے ہیں،

**حنفی مسلک** | اہل سنت کا یہ پہلا فقہی مسلک امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابتؒ متوفی ۱۵۰ھ کی طرف منسوب ہے، یہ مسلک فقہ کے چاروں مسلکوں میں سب سے مقدم ہے، اس کی نشوونما کوفہ میں ہوئی، ابتداء میں عراق کے شہروں میں پھیلا، اس کے بعد دنیا کے دور دراز ملکوں میں اس کی اشاعت ہوئی، اور تھوڑے ہی عرصہ میں بغداد، مصر، شام، روم، بلخ، بخارا، فرغانہ، فارس، ہندوستان، سندھ اور یمن وغیرہ کے اطراف و حدود میں پھیل گیا امام صاحب کی حیات ہی میں، فقہ حنفی کو ان کے چالیس شاگردوں نے باقاعدہ مدوّن و مرتب کیا جن میں امام ابو یوسف، امام محمد، امام زفر بھی شامل تھے، نیز امام صاحب کے شاگردوں میں اسد بن عمرؒ نے خاص طور سے آپ کی تصانیف و فتاوے کو دنیا میں پھیلایا، کہا جاتا ہے کہ ۱۷۰ھ میں جب خلیفہ ہارون رشید نے قاضی ابو یوسف کو پوری خلافت اسلامیہ کا قاضی القضاۃ بنایا تو ان کے اثر و رسوخ سے مذہب حنفی حدود خلافت میں خوب پھیلا، اور عباسی دور میں یہ مذہب دوسرے فقہی مذاہب پر غالب رہا، بر اعظم افریقہ یعنی طرابلس، تیونس اور الجزائر وغیرہ میں امام ابو محمد عبداللہ بن فروخ فاسیؒ کی وجہ سے مسلک حنفی کی اشاعت ہوئی، اس کے بعد جب اسد بن فرات بن سنانؒ وہاں کے قاضی ہوئے تو اس مسلک کو خوب فروغ ہوا، اور چوتھی صدی تک افریقہ میں اس کو غلبہ حاصل رہا، جب [illegible]ھ میں وہاں معز بن بادیس کی سلطنت قائم ہوئی تو اس مذہب کا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو دیا گیا، اندلس اور فاس میں بھی حنفی مسلک قدیم زمانہ میں رائج ہو گیا تھا، جزیرہ صقلیہ کے اکثر مسلمان حنفی فقہ کے پیرو تھے، اہل مصر سنہ ۱۶۴ھ میں اس مسلک سے اس وقت آشنا ہوئے جب خلیفہ مہدی کی طرف سے امام اسمٰعیل بن یسع کوفیؒ کو وہاں کا قاضی بنا کر بھیجا گیا، انکی ذات سے پہلی بار مصر کے مسلمان حنفی مسلک سے واقف ہوئے،

چوتھی صدی کے مشہور جغرافیہ نویس اور سیاح علامہ مقدسی بشاری حنفیؒ نے احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم میں اس دور کے عالم اسلام کے مذاہب پر خاص طور سے روشنی ڈالی ہے، اور ہر اقلیم پر کلام کرتے ہوئے وہاں کے فقہی مسلک کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں یمن اور صنعاء میں حنفی مسلک عام تھا، عراق کے اکثر قاضی اور فقیہ حنفی تھے، شام کا کوئی شہر اور دیہات ایسا نہ تھا جس میں حنفی مسلک کے لوگ نہ ہوں، بسا اوقات شام کے قاضی بھی حنفی ہوا کرتے تھے، اسی طرح بلاد مشرق مثلاً خراسان، سجستان، اور ماوراء النہر کے علاقے ترکستان شرقی اور ترکستان غربی وغیرہ میں حنفیت غالب تھی، اقلیم دیلم میں جرجان اور طبرستان کے بعض نواحی میں حنفی باشندے تھے۔ اقلیم رحاب کے شہر مثلاً آرمینیہ، اور تبریز میں حنفیت کا کافی زور تھا، اقلیم جبال اور اہواز کے شہروں میں حنفیت غالب تھی، ان علاقوں میں احناف کے علماء و فقہاء، اور قضاۃ تھے، فارس کے شہروں میں بڑی تعداد میں حنفی موجود تھے، سندھ کے قصبات اور شہر حنفی علماء و فقہاء سے معمور تھے، ہندوستان کے اکثر سلاطین اور عوام حنفی تھے۔

**مالکی مسلک** اہل سنت کا دوسرا فقہی مسلک مالکی ہے جو امام مالک بن انس اصبحیؒ متوفی ۱۷۹ھ کی طرف منسوب ہے، اس کا مولد و منشا مدینہ منورہ ہے یہاں سے پہلے حجاز میں پھیلا، پھر بصرہ، مصر، افریقہ، اندلس، مغرب اقصیٰ، صقلیہ اور سوڈان میں اس کو غلبہ حاصل ہوا، نیز یہ مسلک خراسان، قزوین، ابہر، یمن، نیشاپور، بلاد فارس، اور بغداد میں خوب پھولا پھلا، علامہ مقریزی نے کتاب الخطط والآثار میں لکھا ہے کہ مالکی مذہب کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مصر میں سب سے پہلے روشناس کرانے والے امام عبدالرحیم بن خالد بن یزید بن یحییٰ ہیں، ان کے بعد امام عبدالرحمٰن بن قاسم نے اس کی اشاعت کی، چونکہ مصر میں امام مالک کے تلامذہ رہتے تھے اس لیے وہاں فقہ مالکی کو خوب مقبولیت و شہرت ملی، نیز عثمان بن حکم نے اس کی اشاعت مغرب پھیلایا۔

جب معز بن بادیس نے سلطنت قائم کی تو بلاد مغرب کے بڑے بڑے ارباب حکومت اور اہل اقتدار کو مالکی مسلک کا پیرو کار بنایا، جس سے اس کو مغرب میں خوب غلبہ حاصل ہوا، علامہ تقی الدین فاسی مکی متوفی ۸۳۲ھ نے العقد الثمین میں لکھا ہے کہ اس زمانہ میں اکثر اہل مغرب مالکیہ ہیں، اندلس میں ابتدائً امام اوزاعی کا فقہی مسلک رائج تھا، اس کو سب سے پہلے صعصعہ بن سلام نے اندلس میں داخل کیا، لیکن دوسری صدی کے بعد یہ مسلک وہاں سے ختم ہو گیا، اور اس کی جگہ فقہ مالکی نے لے لی، جب امام مالک کے تلامذہ زیاد بن عبدالرحمٰن، غازی بن قیس، یحییٰ بن یحییٰ، قرعوس وغیرہ مدینہ منورہ سے اندلس واپس آئے تو انھوں نے اوزاعی مسلک کی جگہ مالکی مسلک کی نشر و اشاعت کی، نیز امیر ہشام بن عبدالرحمٰن نے لوگوں کو اس مسلک کی پیروی کا حکم دیا، امام یحییٰ بن یحییٰ بن کثیر کی مساعی نے بھی اندلس میں اس کی ترویج کی، امام یحییٰ بن یحییٰ کو خلیفہ ہشام بن عبدالرحمٰن بڑی عزت و احترام کی نظر سے دیکھتا تھا اور اندلس میں عہدۂ قضاء کے لیے وہ جس عالم کی نشان دہی کرتے اسی کو قاضی بناتا تھا، نیز دوسرے سرکاری عہدوں پر ان کے مشورہ سے مالکی مذہب کے پیرو ہی قابض ہوا کرتے تھے، اس وجہ سے اندلس میں فقہ مالکی کی خوب اشاعت ہوئی۔

علامہ مقدسی بشاری نے احسن التقاسیم میں لکھا ہے کہ چوتھی صدی میں مالکی مذہب عراق، اہواز، بلادِ مغرب اور افریقہ میں خوب مروج تھا اور اندلس پر تو اس کا غلبہ ہی تھا۔

**مسلک شافعی** اہل سنت کا تیسرا فقہی مسلک شافعی ہے، اس کی نسبت امام محمد بن ادریس شافعی متوفی ۲۰۴ھ کی طرف ہے، اس کی ابتداء مصر میں ہوئی، امام شافعی کے اکثر تلامذہ مصری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں، اس کے بعد عراق میں اس کو فروغ ہوا، اور تیسری صدی میں حجاز، بغداد، خراسان، توران، شام، یمن، ماوراء النہر، فارس، ہندوستان، افریقیہ اور اندلس تک پہنچ گیا۔ ان تمام مقامات میں کہیں شافعی مسلک کو غلبہ ہوا اور کہیں دوسرے مذاہب کے ساتھ اس کا بھی رواج رہا، مصر میں پہلے حنفیہ اور مالکیہ کا غلبہ تھا، مگر امام شافعی وہاں تشریف لے گئے تو ان کا مسلک خوب پھیلا، عراق، خراسان اور ماوراء النہر وغیرہ میں یہ مسلک یوں آگے بڑھا کہ افتاء اور تدریس میں حنفیہ کے ساتھ برابر کی ٹکر لی، اور دونوں میں بڑے بڑے مناظرے اور معرکے ہوئے ایک نے دوسرے کی رد میں بے شمار چھوٹی بڑی کتابیں لکھیں، شام میں پہلے وہیں کی فقہ اوزاعی کا رواج تھا، لیکن جب امام ابوزرعہ محمد بن عثمان دمشقیؒ مصر کی قضاء کے بعد دمشق کے قاضی بنائے گئے تو وہ اپنے ساتھ امام شافعی کا مسلک بھی لے گئے، اور اس کو پھیلایا، اس کے بعد دمشق کے دوسرے قضاۃ نے بھی اسی مسلک کی پیروی کی، قاضی ابوزرعہ دمشقی کا قاعدہ تھا کہ جو عالم فقہ شافعی کی مشہور کتاب "المختصر للمزنی" کو زبانی یاد کر لیتا تھا اسے ایک دینار انعام دیتے تھے، علامہ مقدسی نے لکھا ہے کہ چوتھی صدی میں اہل شام فقہ شافعی پر عمل کرتے تھے، وہاں کوئی شخص مالکی یا کسی اور مسلک کا نظر نہیں آتا تھا۔

علامہ سبکیؒ نے "طبقات الشافعیۃ الکبریٰ" میں لکھا ہے کہ ماوراء النہر میں مذہب قفال مروزی شاشیؒ کی بدولت شافعی مسلک پھیلا، مقدسیؒ کے بیان کے مطابق اقلیم مشرق کے بڑے بڑے شہروں مثلاً کورۂ شاش، ایلاق، طوس، ابی ورد، اور نسا وغیرہ میں شافعی مذہب غالب تھا، نیز ہرات، سجستان، سرخس، نیشاپور اور مرو میں یہ مسلک پایا جاتا تھا، امام کرابیسی نے "الاعلان بالتوبیخ" میں لکھا ہے کہ مرو اور خراسان میں احمد بن سیارؒ نے شافعی مذہب کو عام کیا، ان کے بعد حافظ عبدان بن محمد ابن عیسیٰ مروزیؒ نے اس کی اشاعت کی، اور اسفرائن میں امام شافعی کے مسلک اور ان کی کتابوں کو سب سے پہلے ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق نیشاپوریؒ نے داخل کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بغداد میں فقہ حنفی کا غلبہ تھا پھر امام شافعی نے وہاں جاکر اپنے مسلک کی ترویج فرمائی، امام صاحب کے قدیم شاگرد حسن بن محمد زعفرانیؒ متوفی سنہ ۲۶۰ھ نے بھی بغداد میں اس مسلک کو پھیلایا، علامہ سبکیؒ نے طبقات الشافعیۃ الکبریٰ میں بیان کیا ہے کہ عرب کے صوبہ تہامہ میں خاندان ابی عقامہ کے ذریعہ یہ مسلک رائج ہوا، اندلس میں مالکی مذہب کے علاوہ اور کوئی مذہب رائج نہیں تھا، حتیٰ کہ وہاں کے لوگ کسی حنفی یا شافعی کو پاتے تو نکال دیتے تھے، علامہ ابن اثیرؒ کے بیان کے مطابق افریقہ میں سلطان یعقوب بن یوسف بن عبدالمومن نے اپنے آخری دور حکومت میں شافعیت کی طرف میلان ظاہر کیا، اور شوافع کو قاضی بنایا،

**حنبلی مسلک** | اس مسلک کی نسبت امام احمد بن محمد بن حنبل شیبانیؒ متوفی سنہ ۲۴۱ھ کی طرف [illegible] کا مرکز بغداد ہے۔ یہ اہل سنت کا چوتھا فقہی مسلک ہے، اس کی اشاعت [illegible] ابن خلدونؒ نے مقدمہ میں اس کی وجہ یہ بتائی ہے کہ حنبلی فقہ [illegible] کا مدار زیادہ تر احادیث و اخبار پر ہے، اکثر حنابلہ شام اور [illegible] یہ لوگ احادیث و سنن کی روایت میں سب سے آگے ہیں، علامہ ابن [illegible] احمد کا مذہب بغداد سے نکل کر شام کے اکثر شہروں میں [illegible] کے بعد ظاہر ہوا، امام سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ حنبلی مسلک چوتھی [illegible] کی حدود سے باہر آیا جب کہ مصر و افریقہ پر عبیدیوں کا قبضہ تھا، [illegible] تھے، انھوں نے اپنے دور اقتدار میں علمائے اہل سنت کو قتل و غارت [illegible] کی پوری حدود سلطنت سے ختم کر دیا تھا، اور رفض و شیعیت کو رواج [illegible] مقدسیؒ صاحب العمدہ نے سب سے پہلے مصر میں حنبلی مسلک کو پہنچایا اور [illegible] مقدسی بشاری نے لکھا ہے کہ چوتھی صدی میں یہ مذہب بصرہ، اقور، دیلم [illegible] خوزستان وغیرہ میں موجود تھا، اس زمانہ میں بغداد پر حنبلیت اور شیعیت کو [illegible] تھا، علامہ ابن اثیرؒ نے تاریخ الکامل میں سنہ ۳۲۳ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس زمانہ میں بغداد میں حنابلہ کو بڑی شوکت حاصل ہوئی۔ یہ لوگ امراء کے مکانات پر دھاوا بول کر نبیذ وغیرہ پاتے تو گرا دیتے، مغنیہ کو پاتے تو مارتے اور باجے اور دیگر سامان لہو و لعب توڑ کر پھینک دیتے اور منکرات پر اتنی شدت اختیار کرتے کہ اہل بغداد پریشان ہو گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پورے شہر بغداد میں اعلان ہو گیا کہ دو حنبلی ایک جگہ جمع نہ ہوں، اور نہ اپنے مسلک کے بارے میں گفتگو کریں، حنبلی مذہب کا کامل غلبہ بلاد نجد کے علاوہ اور کہیں سننے میں نہیں آیا، فتنۂ خلق قرآن میں امام احمد کے ابتلاء، اور عباسی خلفاء و امراء اور معتزلہ کی مخالفانہ سرگرمی سے اس مسلک کی راہ میں رکاوٹ ہوئی۔

**موجودہ زمانہ میں مذاہب اربعہ کے پیرو**

موجودہ زمانہ میں ان چاروں مذاہب کے ماننے والے کہاں کتنے ہیں، اس کا صحیح اندازہ نہیں ہے، البتہ مغرب اقصیٰ، تیونس، طرابلس، الجزائر اور کئی افریقی ممالک میں مالکی مسلک غالب ہے، ان علاقوں میں احناف بھی ہیں جو ترک کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور سلاطین ترکی کے زمانہ میں یہاں آباد ہو گئے، اس لیے قلت کے باوجود حنفیت کو عروج حاصل ہے، مصر میں شافعی اور مالکی مسلک رائج ہے، صعید اور سوڈان میں مالکیہ ہیں، احناف بھی بکثرت ہیں، حکومت کا مذہب حنفی ہے، کچھ حنبلی بھی ہیں، شام کے مسلمان آدھے حنفی، ایک چوتھائی شافعی اور ایک چوتھائی حنبلی ہیں، فلسطین میں شوافع کا غلبہ ہے، مالکی اور حنفی بھی ہیں، عراق میں حنفی مسلک کو عروج ہے، شافعی، مالکی اور حنبلی بھی ہیں، ترکی، البانیہ، بلقان میں احناف کو غلبہ حاصل ہے، کردستان اور آرمینیہ پر شوافع کا اثر و رسوخ ہے، فارس کے اہل سنت میں شوافع زیادہ ہیں، کچھ احناف بھی ہیں، افغانستان میں حنفی غالب ہیں، کچھ شافعی اور حنبلی بھی ہیں، ترکستانات غربی جس میں خیوہ (خوارزم) بخارا، تاشقند، ازبکستان، ترکمانیہ، قرغیزیہ، قزاقستان، آذربیجان وغیرہ شامل ہیں، ان میں حنفی ہیں اور ترکستانات شرقی (سنکیانگ) میں بھی حنفی ہیں ساتھ ہی کچھ شافعی ہیں، بلاد قوقاز میں احناف کو غلبہ حاصل ہے، کچھ شوافع بھی ہیں، ہندوستان میں قدیم زمانہ میں شوافع زیادہ تھے، سندھ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں ان کی اکثریت تھی، مغربی سواحل پر قدیم زمانہ سے عربی النسل مسلمان آباد تھے، ان کا مسلک شافعی تھا، کوکن، مدراس اور مالابار میں اب بھی شوافع بکثرت آباد ہیں، اس زمانہ میں ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش میں حنفی مسلک رائج ہے، جزیرہ مالدیپ کے ۹۲ ہزار مسلمان کل کے کل شافعی ہیں، پہلے یہاں مالکی مذہب تھا، سیلون (سری لنکا) جاوا، سماترا، جزائر مشرق الہند اور جزائر فلپائن میں شوافع زیادہ ہیں، سیام (تھائی لینڈ) کے مسلمان زیادہ تر شافعی ہیں، کچھ حنفی ہیں، ہند چینی، اور آسٹریلیا کے مسلمان زیادہ تر شافعی ہیں، امریکہ کے علاقہ برازیل میں ۴۵ ہزار حنفی مسلمان آباد ہیں، نیز امریکہ کے دوسرے علاقوں میں تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار مسلمان ہیں جو مختلف مسلک کے پیرو ہیں۔

حجاز میں شافعی اور حنبلی غالب ہیں، دیہاتوں میں احناف کے ساتھ مالکیہ بھی ہیں، اہل نجد حنبلی ہیں، اہل عسیر شافعی نیز یمن، حضرموت اور عدن کے اہل سنت شافعی ہیں، عدن میں احناف بھی ہیں، عمان پر فرقہ اباضیہ (خوارج) کا غلبہ ہے اسی کے ساتھ وہاں حنبلی اور شافعی بھی ہیں، قطر اور بحرین میں مالکی مسلک عام ہے، اسی کے ساتھ وہاں نجد کے حنابلہ بھی ہیں، احساء کے اہل سنت میں حنبلی اور مالکی غالب ہیں، کویت پر مالکیہ کا اثر زیادہ ہے۔

موجودہ دور میں مذاہب اربعہ کے بارے میں یہ معلومات تقریباً پچاس سال پہلے سے تعلق رکھتی ہیں، اس کے بعد یورپ، امریکہ، افریقہ میں خاص طور سے مسلمانوں کی بڑی تعداد وجود میں آگئی ہے جو مختلف مکاتب فقہ سے تعلق رکھتی ہے۔

**امداد المشتاق:** حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رح کے حالات و ملفوظات، مؤلفہ مولانا اشرف علی تھانوی۔ اسے ادارہ برہان نے ڈاکٹر نثار احمد فاروقی کے طویل مقدمہ اور خطوط و آثار کی تصاویر کے ساتھ شائع کیا ہے، صفحات ۳۷۶۔ قیمت: ۳۵ روپے۔
پتہ: مکتبہ برہان، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی ۶



© rasailojaraid.com